Roll No. Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________ Sig. of Invigilator: ____________

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) شاملِ نصاب افسانہ 'مائیں' کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ احمد ندیم قاسمی ب۔ سعادت حسن منٹو

ج۔ پریم چند د۔ ہاجرہ مسرور

(ii) افسانہ 'اوورکوٹ' کے ہیرو کی حرکات و سکنات میں کس جگہ پہنچ کر کسی قدر متانت پیدا ہو گئی تھی؟

الف۔ قالین کی دکان میں ب۔ پارک میں

ج۔ ملکہ کے بت کے قریب د۔ میکلوڈ روڈ پر

(iii) "کورینزی تھرمبوسس" کیا چیز ہے؟

الف۔ ایک پھول ب۔ ایک کیڑا

ج۔ ایک بیماری د۔ ایک دوا

(iv) مشتاق احمد یوسفی کے خیال میں طلباء کس کے حق میں دعائے مغفرت نہیں کر سکتے؟

الف۔ سیاسی راہنماؤں ب۔ مؤرخین

ج۔ غیر ملکی حملہ آوروں د۔ مُغل بادشاہ

(v) سعادت حسن منٹو کی وجۂ شہرت کون سی صنفِ نثر ہے؟

الف۔ افسانہ ب۔ ناول

ج۔ ڈراما د۔ داستان

(vi) نظم 'شبِ معراج' کے خالق کون ہیں؟

الف۔ علامہ اقبالؔ ب۔ میر انیسؔ

ج۔ مولانا ظفر علی خاں د۔ سید محمد جعفری

(vii) نظیر اکبر آبادی نے اپنی نظم 'بنجارا نامہ' میں موت کو کس نام سے یاد کیا ہے؟

الف۔ ڈاکو ب۔ چور

ج۔ ظالم د۔ بٹ مار

(viii) شاملِ نصاب 'حمد' میں کس چیز کو اللہ کی عبادت میں مصروف دکھایا گیا ہے؟

الف۔ پرندے ب۔ چرندے

ج۔ درندے د۔ انسان

(ix) 'ایبسٹریکٹ آرٹ' کس قسم کی نظم ہے؟

الف۔ المیہ ب۔ طربیہ

ج۔ سنجیدہ د۔ طنزیہ

(x) "کلید" کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ تاریخ ب۔ چابی

ج۔ وقت د۔ خزانہ

StudentBounty.com

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) میر تقی میرؔ کی وجۂ شہرت کون سی صنفِ نظم ہے؟

الف۔ قصیدہ — ب۔ مرثیہ

ج۔ نظم — د۔ غزل

(xii) شاملِ نصاب غزل میں احمد ندیم قاسمی نے لحد سے کیا بن کر نکلنے کی بات کی ہے؟

الف۔ پھول — ب۔ سبزہ

ج۔ کلیاں — د۔ مٹی

(xiii) فیض احمد فیضؔ کی شاملِ نصاب غزل میں '' خار وخس '' سے کون مراد ہے؟

الف۔ شاعر — ب۔ عوام

ج۔ حکمران — د۔ علماء

(xiv) کس شاعر نے اپنے آپ کو '' شاعرِ رنگیں نوا '' کہا ہے؟

الف۔ فیض احمد فیضؔ — ب۔ خواجہ حیدر علی آتشؔ

ج۔ حسرتؔ موہانی — د۔ احمد ندیم قاسمی

(xv) خواجہ حیدر علی آتشؔ نے اپنی شاملِ نصاب غزل میں کن مشہور حکمرانوں کا تذکرہ کیا ہے؟

الف۔ سکندر اور شدّاد — ب۔ جہانگیر اور اکبر

ج۔ اکبر اور دارا — د۔ سکندر اور دارا

(xvi) غیر حقیقی تذکیر و تانیث کی رُو سے ذیل میں سے کون سا لفظ مؤنث ہے؟

الف۔ گھی — ب۔ پانی

ج۔ جُوتا — د۔ کرسی

(xvii) کسی چیز کو دوسری چیز کی طرح قرار دینا، علم بیان کی رُو سے کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ تلمیح — ب۔ تشبیہ

ج۔ استعارہ — د۔ مطلع

(xviii) '' آبِ حیات '' قواعد کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ استعارہ — ب۔ مطلع

ج۔ تلمیح — د۔ مقطع

(xix) ناآشنا میں ''نا'' کیا ہے؟

الف۔ لاحقہ — ب۔ سابقہ

ج۔ مصدر — د۔ فعل

(xx) مقطع کے لیے کیا لازم ہے؟

الف۔ ردیف اور قافیہ — ب۔ قافیہ اور تخلص

ج۔ ردیف اور تخلص — د۔ تخلص اور آخری شعر ہونا

برائے ممتحن : — کُل نمبر: 20 — حاصل کردہ نمبر: ☐

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی۔I

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) افسانہ ' زیور کا ڈبا ' کے حوالے سے ٹھاکر صاحب کا مختصر تعارف تحریر کریں۔

(ii) سرسیّد احمد خاں نے 'اپنی مدد آپ' میں اصلی غلام کس کو قرار دیا؟

(iii) ' مس چڑیا کی کہانی ' میں خواجہ حسن نظامی کس معاشرتی خرابی کی طرف اشارہ کر رہے ہیں؟

(یا)

' مرحوم کی یاد میں' کے حوالے سے بائیسکل کی ہیئت بیان کریں۔

(iv) نظم ' بنجارا نامہ' میں نظیر اکبرآبادی نے کھانے پینے کی کن چیزوں کا ذکر کیا ہے؟

(v) نظم ' بڑھے چلو ' میں اختر شیرانی قوم کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

(vi) نظم ' شامِ رنگین ' میں شاعر نے شام کی جو منظر کشی کی ہے، اسے اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

(یا)

مولانا ظفر علی خاں نے نظم ' مستقبل کی جھلک ' میں کیا پیشن گوئی کی ہے؟

(vii) ''آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت '' دیے گئے مصرع میں میر تقی میرؔ نے کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(viii) زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گُل سو زر بکف　　　قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

درج بالا شعر میں کس واقعے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(یا)

خواجہ حیدر علی آتشؔ کے خیال میں زبان پر شکرِ نعمت کیوں لازم ہے؟

(ix) **تیرگی** ، **تجلّی** ، **اختر شماری** اور **حشر** کا مفہوم واضح کریں۔

(x) ردیف کی تعریف کریں۔ جس غزل میں ردیف نہ ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

(یا)

قافیہ کی تعریف کریں اور ایک مثال بھی دیں۔

(xi) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

شان ، پانی ، اثر ، روح

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ملک کے معاشرتی اصلاح کے ادارے اور قوم کے صاحبِ حیثیت لوگ منشیات کی روزافزوں ہلاکت خیزیوں سے بالکل غافل اور بے پروا ہیں۔ انھیں احساس ہی نہیں کہ اہلِ وطن کے سروں پر کتنے مہیب خطرات منڈلا رہے ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ انھیں اس وبائے عام کی تباہی اور خانہ ویرانی کا اندازہ ہی نہیں۔ اگرچہ حکومت منشیات کے سدِّ باب کے لیے کچھ نہ کچھ اقدامات کرتی رہتی ہے، لیکن اس لعنت کا مکمل خاتمہ صرف حکومت کے بس کا روگ نہیں۔ اس کے لیے ہم سب کو آگے آنا ہوگا۔

StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر32)

سوال نمبر۳۔ [...]اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ روز اس شہر میں ایک حکم نیا ہوتا ہے۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا ہوتا ہے۔ میرٹھ سے آ کر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازہ کا تھانہ دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو دو روپیہ جرمانہ لیا جاتا ہے، آٹھ دن قید رہتا ہے۔۔۔۔۔۔

ب۔ میں یہ ثابت کرنے کی کوشش نہیں کر رہا کہ اگر سنِ پیدائش یاد رکھنے کا رواج بیک گردشِ چرخِ نیلوفری اُٹھ جائے تو بال سفید ہونے بند ہو جائیں گے یا کیلنڈر ایجاد نہ ہوا ہوتا تو کسی کے دانت نہ گرتے۔ تاہم اس میں کلام نہیں کہ جس شخص نے بھی ناقابلِ تقسیم رواں دواں وقت کو پہلی بار سیکنڈ، سال اور صدی میں تقسیم کیا اس نے انسان کو صحیح معنوں میں پیری اور موت کا ذائقہ چکھایا۔ وقت کو انسان جتنی بار تقسیم کرے گا زندگی کی رفتار اتنی ہی تیز اور نتیجۃً موت اتنی ہی قریب ہوتی جائے گی۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
کبھی اے نوجواں مسلم تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اُس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سرِ دارا
تمدّن آفریں، خلّاقِ آئینِ جہاں داری
وہ صحرائے عرب یعنی شتربانوں کا گہوارا

ب۔
عشق مہمان ہوا حُسن کے گھر آج کی رات
جذبۂ دل ہے بآغوشِ اثر آج کی رات
بختِ بیدار نے دی دولتِ سرمد کی نوید
کیوں نہ آنکھوں میں کٹے تابہ سحر آج کی رات
اپنے اللہ سے ملنے کے لیے جاتا ہے
اپنے اللہ کا منظورِ نظر آج کی رات

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
طَبل و عَلم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

ب۔
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

ج۔
آغاز کو کون پوچھتا ہے
انجام اچھا ہو آدمی کا

د۔
ہر حال میں رہا جو ترا آسرا مجھے
مایوس کر سکا نہ ہجومِ بلا مجھے

ہ۔
میدانِ وفا دربار نہیں، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں
عاشق تو کسی کا نام نہیں، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں

سوال نمبر۶۔ اپنے کالج میں منعقد ہونے والے مقابلۂ حسنِ قرأت کی روداد تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر۷۔ آپ نے کسی سے دس ہزار روپے بطور قرضِ حسنہ وصول کیے ہیں۔ رسید تحریر کریں۔ (5)